

# بچوں کا رمضان

آسان زبان میں 150 سوالات وجوابات




بچوں کے لئے رمضان کے بنیادی مسائل

**Shaikh Nooruddin Umeri**
M.A., MPhil in Arabic, Director - Ocean The ABM School, Hyd.

Published By:

ABM PRINT TIME
23-1-916/B, Moghalpura,
Hyderabad – 500002
Telangana State, India
abm.printtime@gmail.com
+91 – 99890 22928

Author & Preparation:
**Shaikh Nooruddin Umeri**
M.A., MPhil in Arabic,
Director Of Ocean - The ABM School, Hyd.

Design By: Syed Zabi Uddin Quadri
(Suffah Graphics)

Printed in India By: ABM PRINT TIME

Published in April 2021

Price: INR 120/-

All rights reserved under the Copyright Act. No part of this book may be reproduced and stored in any form or by any means, electronic or mechanical, including photocopying, without a prior written permission of the publisher.

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

# فہرست


| Pages | Topics: | SL No. |
|---|---|---|
| 1 | روزے کب فرض ہوتے ہیں | (1 |
| 8 | روزے کے آداب | (2 |
| 13 | روزے کے آداب | (3 |
| 17 | رمضان کی فضیلت | (4 |
| 22 | بچوں کے بعض مسائل | (5 |
| 29 | اعتکاف کے مسائل | (6 |
| 33 | شب قدر | (7 |
| 37 | وتر کی نماز کا طریقہ | (8 |
| 41 | زکات کی فضیلت | (9 |
| 44 | کن چیزوں میں زکات واجب ہے | (10 |
| 49 | صدقہ فطر | (11 |
| 52 | عید کے مسائل | (12 |
| 58 | شوال کے روزے | (13 |



Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids




# تقریظ

از شفیق عالم خان جامعی

امیر جمعیت اہل حدیث حیدرآباد و سکندرآباد

شیخ نورالدین عمری حفظہ اللہ برصغیر ہند بالخصوص شہر حیدرآباد میں کوئی محتاج تعارف شخصیت نہیں کیونکہ "خیر الناس أنفعهم للناس" لوگوں میں سب سے بہترین وہ ہیں جو دوسرے لوگوں کے حق میں زیادہ نفع بخش ہو (الصحیحۃ 426)" کے مصداق یہ ان خاص علماء کرام کی فہرست میں شمار کئے جاتے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی کا مشن علم دین کی ترویج واشاعت، اپنی سحر بیانی کے ساتھ ساتھ مستقبل کی مسلمان نسل کی تعلیم و تعلم اور ان کی تربیت کے ارتقاء سے متعلق ہر زاویہ سے فکرمند رہتے ہیں جو ہر دور کی سب سے اہم ترین ضرورت اور انتہائی قابل تحسین جدوجہد ہے۔

درحقیقت رمضان المبارک تمام مسلمانوں کی روحانی، اخلاقی، سماجی و معاشرتی اعتبار سے اس کی انفرادی اور اجتماعی تربیت کا مہینہ ہوتا ہے اور اس کے عظیم فضائل کے تو کیا کہنے! اسی عظیم افادیت کے تحت رمضان المبارک سے متعلق سوالات وجوابات کے اسلوب میں بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ مرتب کردہ شیخ محترم کی کتاب "بچوں کا رمضان" نظر سے گزری جو بچوں کی ذہنی سطح کو مکمل طور پر ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تیار کی گئی ایک کامیاب کوشش ہے اور ہر خاص وعام اور چھوٹے وبڑے کے حق میں مفید عام کی حیثیت رکھتی ہے۔

اس سلسلہ میں بالخصوص والدین کی دوہری ذمہ داری بن جاتی ہے کہ وہ بچّوں کو رمضان کی اصل روح سے متعارف کرواتے ہوئے اس مبارک مہینے میں دینی اور تاریخی لحاظ سے ہونے والے واقعات سے روشناس کرائیں۔

انہیں بتائیں کہ روزے کا مقصد صرف کھانے پینے سے دور رہنا نہیں ہے، بلکہ اُن تمام کاموں سے باز رہنا ہے، جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ناپسند ہیں۔ جیسے غصّہ کرنا، جھوٹ بولنا، غیبت کرنا، کسی پر تہمت لگانا اور دیگر برائیوں سے اپنے آپ کو بچانا۔

کتاب کی افادیت اس اعتبار سے بھی کافی بڑھ گئی کہ بچوں کے تئیں والدین کی اصل واہم ترین ذمہ داری "تربیت اولاد" کو اس کتاب نے آسان ترین بنادیا اور والدین کے پاس اب کوئی عذر نہ رہا کہ وہ اپنی اس ذمہ داری سے اپنا دامن جھاڑ سکیں۔ نیز اس طرح کی کتابوں کو مکاتب ومدارس کے نصاب میں شامل کرنے کی شدید ضرورت ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ شیخ کی ان کاوشوں کو قبول فرمائے اور صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شفیق عالم خان جامعی

امیر جمعیت اہل حدیث حیدرآباد و سکندرآباد

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

# پیارے پیارے بچو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ آپ سب کو اپنی حفاظت میں رکھے، اپنا کرم آپ لوگوں پر جاری وساری رکھے، آپ کے والدین کے لئے آپ کو صدقہ جاریہ بنائے، آمین یارب العالمین۔

آپ کے ہاتھوں میں "بچوں کا رمضان" یہ چھوٹی سی کتاب سوالات وجوابات کی شکل میں آپ بچوں کے لئے خاص طور سے ترتیب دی گئی ہے، اس میں بہت ہی آسان انداز میں رمضان کے مسائل کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

آپ بچے غور سے پڑھیں یا اپنی امی سے یا ابو سے سنیں، اس کتابچے کے ذریعے آپ ماہ رمضان کے موٹے موٹے مسائل سے بھرپور انداز سے واقف ہو سکتے ہیں، ہر سبق کے آخر میں سوالات دیے گئے ہیں ان کو ضرور حل کریں، اس لیے کہ ان سوالات کو حل کرنے سے آپ کا علم بھی مضبوط ہوگا اور مسائل بھی یاد ہو جائیں گے۔ ان شاءاللہ۔

پیارے بچو! پیارے نبی ﷺ کا فرمان آپ لوگوں نے سنا ہوگا۔


طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ (سنن ابن ماجہ)

ترجمہ: ہر مسلمان مرد و عورت پر علم حاصل کرنا فرض ہے۔

اس علم سے مراد دینی و دنیوی دونوں ہو سکتے ہیں، ہم لوگ دنیوی تعلیم بڑے شوق سے حاصل کرتے ہیں، ساتھ ہی اگر دین کا علم بھی حاصل کریں تو کتنا اچھا ہوگا، ہماری دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی یقینی ہوگی ان شاءاللہ، ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ ہم سب کو علم دین حاصل کرنے کا شوق عطا فرمائے، ساتھ ہی عمل کی توفیق عطا فرمائے، آمین یارب۔

آپ کا خیر خواہ

نورالدین عمری۔ یم اے، یم فل



# بچوں کا رمضان



SABAQ NUMBER

1

# سبق

## روزہ کب فرض ہوتا ہے؟

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor



1
س کیا بچوں پر روزے فرض ہیں؟
ج جی نہیں

2
س روزے کب فرض ہوتے ہیں؟
ج بالغ ہونے کے بعد روزے فرض ہوتے ہیں۔

3
س کیا چھوٹے بچے بھی روزہ رکھ سکتے ہیں؟
ج جی ہاں رکھ سکتے ہیں۔

4
س کیا صحابہ کرام کے زمانے میں چھوٹے بچے روزہ رکھتے تھے؟
ج جی ہاں صحابہ کرام کے زمانے میں چھوٹے بچے روزہ رکھتے تھے۔

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

**5**

**س** کیا صحابہ کرام کے زمانے کے بچے روزہ رکھنے کے بعد کھانے کی ضد کرتے تھے؟

**ج** جی ہاں کرتے تھے۔

**6**

**س** جب بچے ضد کرتے تو صحابہ کرام کیا کرتے تھے؟

**ج** جب بچے ضد کرتے تو صحابہ کرام رنگ برنگ کے کھلونے دے کر دل بہلایا کرتے تھے۔

**7**

**س** صحابہ کرام کے زمانے میں چھوٹے بچے روزہ رکھتے تھے اس کی دلیل کہاں ہے؟

**ج** بخاری، مسلم میں اس کی دلیل موجود ہے۔

**8**

**س** کیا آپ لوگ بھی رمضان کے روزے رکھیں گے؟

**ج** جی ہاں ان شاء اللہ



Paigham-e-Noor
seenitaleemforkids

9

س کیا آپ لوگ امی سے کہیں گے کہ وہ سحری میں جگائے؟

ج جی ہاں ان شاء اللہ۔

10

س اگر روزے میں پیاس لگ جائے تو کیا پانی پییں گے؟

ج ہرگز نہیں ان شاء اللہ۔

11

س اگر روزے میں سخت بھوک لگے تو کیا کھانا کھائیں گے؟

ج ہرگز نہیں ان شاء اللہ۔



12

س عصر کے بعد کیا کریں گے؟

ج قرآن مجید کی تلاوت کریں گے، ان شاء اللہ۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

13

س کیا روزہ کھلوائی کی رسم کرنا اسلام میں ثابت ہے؟

ج جی بالکل نہیں۔

14

س کیا پہلے روزے کے دن افطار میں پھول پہننا درست ہے؟

ج پہلے روزے کی افطار میں پھول پہننا اسلام میں ثابت نہیں ہے۔



15

س روزہ رکھنے کی نیت کب کرنا چاہئے؟

ج رات میں سونے سے پہلے کرنا چاہئے۔

16

س کیا روزہ کی نیت زبان سے کرنا صحیح ہے؟

ج نیت دل میں کرنا ہے زبان سے نہیں۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**17**

س: سحری کب کرتے ہیں؟

ج: سحری فجر کی اذان تک کر سکتے ہیں۔

**18**

س: کیا فجر کی اذان ہونے کے بعد بھی سحری کی جا سکتی ہے؟

ج: نہیں۔ اذان کے بعد سحری نہیں کی جا سکتی۔

**19**

س: کیا بغیر سحری کے روزہ رکھ سکتے ہیں؟

ج: جی ہاں سحری کے بغیر بھی روزہ رکھ سکتے ہیں۔



**20**

س: روزہ کب افطار کرتے ہیں؟

ج: جب سورج غروب ہو جائے تو افطار کر سکتے ہیں۔

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

21

س افطار کی دعا کیا ہے؟

ج بسم اللہ

22


س افطار کے بعد کونسی دعا پڑھیں گے؟

ج ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ، وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ (ابوداود)

ترجمہ: پیاس بجھ گئی، رگیں تر ہو گئیں، اور اللہ نے چاہا تو اجر ضرور ملے گا۔



Paigham-e-Noor
deenitalimforkids





SABAQ NUMBER

2

# سبق

## روزے کے آداب

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor



**س 23** روزے کب فرض ہوئے؟

**ج** سن 2 ہجری میں روزے فرض ہوئے۔

**س 24** روزوں کا حکم اللہ نے قرآن میں کہاں دیا ہے؟

**ج** اللہ تعالی نے قرآن مجید میں روزوں کا حکم سورہ بقرہ،، آیت نمبر 183 میں دیا ہے۔

**س 25** روزے کے حکم والی آیت کونسی ہے؟

**ج** یَا أَیُّهَا الَّذِینَ آمَنُوا کُتِبَ عَلَیْکُمُ الصِّیَامُ کَمَا کُتِبَ عَلَى الَّذِینَ مِن قَبْلِکُمْ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُونَ

اے ایمان والو تم لوگوں پر روزے فرض کئے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے، تاکہ تم لوگ تقوی والے بن جاو (سورہ بقرہ:183)

**س 26** کیا روزے میں دن بھر سوتے رہنا ٹھیک ہے؟

**ج** روزہ رکھ کر مسلسل سوتے رہنا غلط ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor



27
س کیا روزہ رکھ کر سونے سے کچھ فائدہ ہے؟
ج بالکل نہیں۔

28
س کیا روزے میں جھوٹ بولنا جائز ہے؟
ج روزے میں جھوٹ بولنا سخت گناہ ہے۔

29
س کیا روزہ رکھ کر جھوٹ بولنے سے روزہ قبول ہوتا ہے؟
ج بالکل نہیں۔

30
س کیا روزے میں دوسروں کی غیبت کر سکتے ہیں؟
ج روزے میں غیبت کرنا سخت گناہ ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**31**

س: کیا روزے میں ادھر ادھر کی باتیں کرنا ٹھیک ہے؟

ج: بالکل غلط ہے۔

**32**

س: کیا روزے میں چغل خوری کرنا صحیح ہے؟

ج: روزے میں چغل خوری کرنا سخت گناہ ہے۔

**33**

س: کیا روزے میں دھوکا دیں تو روزہ قبول ہوگا؟

ج: روزہ قبول نہیں ہوگا۔




**34**

س: کیا روزہ رکھ کر دن بھر کارٹون دیکھ سکتے ہیں؟

ج: روزے میں کارٹون دیکھنا بالکل غلط ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor


**س** کیا روزے میں لڑائی جھگڑا کرنا درست ہے؟ 35

**ج** روزے میں لڑائی جھگڑا کرنا بالکل غلط ہے۔

**س** کیا آپ روزے میں بھائی بہنوں سے لڑائی کریں گے؟ 36

**ج** بالکل نہیں ان شاء اللہ۔









SABAQ NUMBER 3

# سبق

## روزے کے آداب

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

**37**

**س:** روزے کی حالت میں کونسے اعمال کرنا چاہیئے؟

**ج:** فرائض کے ساتھ سنتیں اور نفل بھی پڑھنا چاہیئے۔

**38**

**س:** نفل نمازوں کا کیا فائدہ ہے؟

**ج:** قیامت کے دن فرائض کم ہوں تو نفل کو فرض کے برابر سمجھا جائیگا۔

**39**

**س:** روزے کی حالت میں دعا کرنا کیسا ہے؟

**ج:** روزے کی حالت میں دعا کریں تو جلد قبول ہو گی۔

**40**

**س:** آپ روزے میں کیا دعا کریں گے؟

**ج:** صحت کے لئے، اچھی پڑھائی کے لئے،
ماں باپ کے لئے دعا کریں گے۔



Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

س کن کن لوگوں کے لئے دعا کریں گے ؟
41
ج نانانانی، داددادی، چاچاچاچی، اسکول کے ٹیچرس کے لئے تمام رشتہ داروں کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے دعا کریں گے۔ان شاءاللہ۔

س کیا رمضان میں کوئی گناہ کریں گے ؟
42
ج بالکل نہیں، ہر گناہ سے دور رہیں گے ان شاءاللہ۔

س کیا روزے میں صدقہ کریں گے ؟
43
ج جی ہاں ضرور صدقہ کریں گے ان شاءاللہ۔



س کیا آپ رمضان میں Sadaqah Box میں پیسے جمع کریں گے ؟
44
ج ضرور ان شاءاللہ

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

45

س کیا آپ عید کے کپڑوں کے لئے ضد کریں گے؟

ج بالکل نہیں ان شاءاللہ۔

46

س کیا آپ غریبوں کی مدد کریں گے؟

ج ضرور کریں گے ان شاءاللہ۔

47

س کیا آپ گھر میں، اسکول میں کام کرنے والے خادموں کی مدد کریں گے؟

ج ضرور کریں گے ان شاءاللہ۔



Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

SABAQ NUMBER

4

# سبق

## رمضان کی فضیلت

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

س 48 جنت کے دروازے کب کھولے جاتے ہیں؟

ج رمضان میں جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں۔

س 49 جہنم کے دروازے کب بند کئے جاتے ہیں؟

ج رمضان میں جہنم کے دروازے بند کئے جاتے ہیں۔




س 50 شیطان کو کب بند کیا جاتا ہے؟

ج رمضان میں شیطان کو بند کیا جاتا ہے۔

س 51 روزے کا بدلہ کون دیتا ہے؟

ج روزے کا بدلہ صرف اللہ دیتا ہے۔

س رمضان میں کچھ لوگ مغفرت کے مستحق نہیں بن سکتے یہ بات کس نے بتائی؟
52
ج حضرت جبرئیل نے بد دعا دے کر بتائی۔

س کیا روزے کی حالت میں دعا رد ہوتی ہے؟
53
ج نہیں، روزے کی حالت میں دعا رد نہیں ہوتی۔

س روزہ ہماری سفارش کب کرے گا؟
54
ج قیامت کے دن روزہ ہماری سفارش کرے گا۔



س روزے میں کب خوشی ہوتی ہے؟
55
ج افطار کے وقت بہت خوشی ہوتی ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

56
س مسلمان رمضان کا آغاز کیسے کرتے ہیں؟
ج مسلمان رمضان کا آغاز چاند دیکھ کر کرتے ہیں۔

57
س رمضان میں ایک مبارک رات ہے اس کا نام کیا ہے؟
ج لیلۃ القدر

58
س رمضان میں عشاء کے بعد جماعت کے ساتھ کونسی نماز ادا کی جاتی ہے؟
ج تراویح کی نماز

59
س رمضان سے پہلے اور بعد میں کونسا مہینہ آتا ہے؟
ج رمضان سے پہلے شعبان اور رمضان کے بعد شوال کا مہینہ آتا ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

60

س: افطار کب کرنا سنت ہے؟

ج: سورج غروب ہوتے ہی فوراً افطار کرنا سنت ہے۔

61


س: لیلۃ القدر کا ثواب کیا ہے؟

ج: لیلۃ القدر میں عبادت کا ثواب ایک ہزار مہینوں کی عبادت سے بڑھ کر ہے۔

62

س: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں کتنے رمضان آئے؟

ج: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں 9 رمضان آئے۔



Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

بچوں کا رمضان

SABAQ NUMBER

5

# سبق

## بچوں کے بعض مسائل

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

63
س: اگر بچے روزہ توڑ دیں تو کیا گناہ ہو گا؟
ج: بچے اگر روزہ توڑ دیں تو کوئی گناہ نہیں ہو گا۔



64
س: بچے اگر روزہ توڑ دیں تو قضا کرنا ہو گا؟
ج: بچوں کے روزے کی قضاء نہیں ہے۔

65
س: اگر بچوں کو روزے میں بھوک پیاس شدت کی لگے اور صحت بگڑنے لگے تو کیا کریں؟
ج: روزہ توڑ دیں۔

66
س: بچوں کا روزہ کب ٹوٹ جاتا ہے؟
ج: بڑوں کا روزہ جن چیزوں سے ٹوٹ جاتا ہے انہیں چیزوں سے بچوں کا روزہ بھی ٹوٹ جاتا ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor



س اگر بچے بھول کر کچھ کھالیں تو روزہ ٹوٹ جائیگا؟
67
ج نہیں۔

س روزے کے ارکان کیا ہیں؟
68
ج روزے کے 2 ارکان ہیں ● نیت کرنا ● سحری سے لیکر افطار تک کھانے پینے اور دوسرے گناہوں سے رک جانا۔

س کیا بچوں کو ان کے روزوں کا اجر ملتا ہے؟
69
ج جی ہاں بچوں کو بھی ملتا ہے اور ان کے ماں باپ کو بھی جنہوں نے بچوں کو عمل کی ترغیب دلائی۔



س کیا عطر کے استعمال سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟
70
ج نہیں

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

71

س: ہمارے نبی ﷺ تراویح میں کتنی رکعتیں پڑھا کرتے تھے؟

ج: ہمارے نبی ﷺ تراویح میں 8 رکعت پڑھتے تھے اور تین رکعات وتر، اس طرح کل 11 رکعتیں ہوا کرتی تھیں۔

72

س: کیا روزے کی حالت میں دن میں مسلسل سونے سے روزہ باطل ہوگا؟

ج: روزے کی حالت میں مسلسل سونے سے روزہ باطل نہیں ہوگا، ہاں دن بھر مسلسل سوتے رہنا ٹھیک نہیں ہے۔

73

س: اگر کوئی روزہ کا انکار کرے تو کیا ہوگا؟

ج: اگر کوئی روزہ کا انکار کرے تو وہ شخص اسلام سے خارج ہوگا۔

74

س: کیا روزے کی حالت میں گانے سننے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

ج: روزے کی حالت میں گانے سننا بہت بڑا گناہ ہے لیکن اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

75
س اگر روزے میں قئے آجائے تو روزہ ٹوٹ جائیگا؟
ج اگر خود بخود قئے آجائے تو روزہ نہیں ٹوٹتا۔ حلق میں انگلی ڈال کر قئے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

76
س اگر جان بوجھ کر کھائیں تو روزہ ٹوٹ جائیگا؟
ج جی ہاں۔



77
س اگر طاقت کا انجکشن لیا جائے تو؟
ج روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔



78
س اگر روزے میں خون چڑھایا جائے تو؟
ج روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔



**79**

**س** اگر روزے میں کوئی دوائی کھالیں تو؟

**ج** روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔

**80**

**س** کیا غسل کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

**ج** نہیں



**81**

**س** کیا مسواک کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

**ج** نہیں






**82**

**س** کیا سرمہ، تیل لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

**ج** نہیں

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

83


س کیا تھوک نگلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

ج نہیں، لیکن منہ میں تھوک جمع کر کے نہیں نگلنا چاہیئے۔





Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids



# بچوں کا رمضان

SABAQ NUMBER 6

# سبق

## اعتکاف کے مسائل

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

84

س اعتکاف کس کو کہتے ہیں؟

ج رمضان کے آخری دس دن مسجد میں بیٹھ کر عبادت کرنے کو اعتکاف کہتے ہیں۔



85

س کیا گھر میں اعتکاف بیٹھ سکتے ہیں؟

ج نہیں، اعتکاف صرف مسجد میں ہوتا ہے۔

86

س اعتکاف کی کیا شرط ہے؟

ج 1) نیت (دل کا ارادہ) کرنا۔

2) جس مسجد میں اعتکاف کیا جا رہا ہو اس میں باجماعت نماز ہوتی ہو۔

[اس سے معلوم ہوا کہ مسجد کے علاوہ کسی اور مقام پر اعتکاف ٹھیک نہیں ہے۔ عورتوں کو بھی مسجد میں ہی اعتکاف بیٹھنا ہے، اگر مسجد میں ہر طرح کی سہولت ہو گی تو بیٹھیں گی، ورنہ نہیں۔]

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

87
س: اعتکاف کے لئے مسجد میں کب آئیں گے؟
ج: اکیسویں رات مغرب کے وقت مسجد میں آئیں گے۔ رات بھی پہلی طاق رات ہو گی اور صبح کی نماز کے بعد اپنے اعتکاف کے جگہ میں بیٹھ جائیں گے۔

88
س: اعتکاف کی حکمت کیا ہو سکتی ہے؟
ج: چند دن تک دنیا کی مشغولیت سے بچ کر اللہ کی عبادت کے لیے فارغ ہو جانا ہے۔

89
س: اعتکاف میں جائز کام کیا ہیں؟
ج: ضرورت کی چیز کے لیے مسجد سے نکلنا جائز ہے۔ مثال کے طور پر جب کھانے اور پینے کی چیزیں لانے والا کوئی نہ ہو تو کھانے اور پینے کے لیے نکلنا جائز ہے۔ اور انسانی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے بھی نکلنا جائز ہے۔

1) بال سنوارنا ان میں کنگھی کرنا جائز ہے۔
2) اعتکاف میں بیٹھنے والے لوگوں سے ان کے فائدے کی باتیں کر سکتا ہے اور اسی طرح ان کے حال احوال کے بارے میں پوچھنا بھی جائز ہے لیکن زیادہ باتیں نہ کرے تاکہ اعتکاف کا مقصد ختم نہ ہو جائے۔
3) اعتکاف میں بیٹھنے والوں کے گھر والے اور دوست واحباب ان سے ملاقات کے لیے آسکتے ہیں اور معتکف کے لیے ان کو الوداع کرنے کے لیے مسجد سے نکلنا جائز ہے۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor


س: اعتکاف کو باطل کرنے والے کام کیا ہیں؟

90

ج:
1) غیر ضروری عمداً مسجد سے نکلنا اگرچہ تھوڑی دیر ہی کے لیے کیوں نہ ہو اعتکاف کو باطل کر دیتا ہے
2) اعتکاف ختم کرنے کا پختہ ارادہ کرنے سے بھی اعتکاف باطل ہو جاتا ہے۔



deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor



# بچوں کا رمضان





SABAQ NUMBER

7

# سبق

## شب قدر

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

س 91 شب قدر کس کو کہتے ہیں؟

ج رمضان کے آخری دس دنوں میں ایک فضیلت والی رات ہے اس کو شب قدر کہتے ہیں۔

س 92 اس رات کو شب قدر کیوں کہا جاتا ہے؟

ج اس رات کو شب قدر اس لئے کہا جاتا ہے کیوں کہ

1) یہ عظمت والی رات ہے۔

2) اس میں تقدیر لکھی جاتی ہے۔

3) اس رات فرشتے اس قدر نازل ہوتے ہیں کہ رات تنگ ہو جاتی ہے۔

س 93 شب قدر رمضان میں کب آتی ہے؟

ج یہ رات رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں ملتی ہے، جیسے 21،23،25،27،29۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س کیا شب قدر کی کوئی علامت بتائی گئی؟

94

ج احادیث میں اس کی کچھ علامتیں بتائی گئی ہیں۔ جیسے: لیلۃ القدر کی صبح کا سورج طلوع ہوتا ہے تو اس کی شعائیں بالکل دھیمی ہوں گی (مسلم)

اس رات نہ گرمی زیادہ ہوتی ہے نہ سردی، جب سورج طلوع ہوتا ہے تو لال اور کمزور ہوتا ہے، اور یہ علامتیں لیلۃ القدر کے لئے ضروری نہیں ہیں، اگر یہ علامتیں نہ بھی محسوس ہوں تب بھی پانچ راتوں میں کوئی ایک رات شب قدر ہو گی۔

س کیا سمندر کا پانی میٹھا ہوتا ہے؟

95

ج یہ غلط ہے۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

96

س کیا فرشتے مسلمانوں کو سلام کرتے ہیں؟

ج یہ غلط ہے۔

97

س شب قدر میں کونسی دعا پڑھنا چاہئے؟

ج اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي (ترمذی)



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

SABAQ NUMBER

# 8

# سبق

## وترکی نماز کا طریقہ

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

98

س وتر کی نماز کس کو کہتے ہیں؟

ج ہم روزانہ عشا کی نماز کے بعد ایک رکعت یا تین رکعت نماز پڑھتے ہیں اس کو وتر کی نماز کہا جاتا ہے۔

99

س اگر کوئی ایک رکعت وتر پڑھنا چاہے تو؟

ج جی ہاں پڑھ سکتا ہے۔



100

س تین رکعت وتر کیسے پڑھتے ہیں؟

ج تین رکعت پڑھنے کے دو طریقے ہیں:

پہلا طریقہ: تینوں رکعتیں ایک ساتھ بغیر تشہد کے پڑھیں، وتر کی دعا رکوع سے پہلے یا بعد میں پڑھیں۔

دوسرا طریقہ: دو رکعت پڑھ کر سلام پھیریں، پھر اور ایک رکعت پڑھ لیں اور رکوع سے پہلے یا بعد میں وتر کی دعا پڑھ لیں۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 101 وتر کی نماز میں کونسی سورتیں پڑھنا سنت ہے؟

ج پہلی رکعت میں سورۃ الاعلی، دوسری رکعت میں سورۃ الکافرون، تیسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھنا سنت ہے۔

س 102 ہمارے نبی ﷺ نے دعائے قنوت کس کو سکھائی تھی؟

ج اپنے پیارے پیارے نواسے سیدنا حسن رضی اللہ عنہ کو سکھائی تھی۔

س 103 کیا آپ نے دعائے قنوت یاد کی ہے؟

ج جی ہاں۔

اللَّهُمَّ اهْدِنِي فِيمَن هَدَيتَ وَعَافِنِي فِيمَن عَافَيتَ وَتَوَلَّنِي فِيمَن تَوَلَّيتَ
وَبَارِكْ لِي فِيمَا أَعْطَيتَ وَقِنِي شَرَّ مَا قَضَيتَ فَإِنَّكَ تَقْضِي وَلَا يُقْضَى عَلَيكَ
إِنَّه لَا يَذِلُّ مَن وَالَيتَ (وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيتَ) تَبَارَكتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيتَ»

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

س 104 ج

## دعائے قنوت کا ترجمہ کیا ہے؟

ترجمہ: اے اللہ تو مجھے ہدایت دے ان لوگوں کی طرح جنھیں تو نے ہدایت دی ہے۔ مجھے عافیت دے ان میں جنھیں تو نے عافیت دی ہے۔ مجھے اپنا بنا لے، ان (خوش نصیبوں) میں جنھیں تو نے اپنا بنایا ہے۔ اور برکت دے مجھے اس میں جو تو نے عطا کیا۔ اور برے فیصلوں سے مجھے بچا لے۔ کیوں کہ تو ہی فیصلہ کرنے والا ہے تجھ پر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا۔ جسے تو دوست بناتا ہے اسے کوئی ذلیل نہیں کر سکتا اور جسے تو دشمن بنا لے وہ کبھی عزت والا ہو نہیں سکتا، اے اللہ تو بزرگ و برتر ہے تو بلند و بالا ہے۔



deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

SABAQ NUMBER 9

# سبق

## زکوٰۃ کی فضیلت

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

105

س: زکوٰۃ کس کو کہا جاتا ہے؟

ج: اگر اللہ نے کسی مسلمان کو اتنا مال عطا کیا ہے جو کہ ساڑھے سات تولہ سونا یا ساڑھے باون تولہ چاندی کے برابر ہے تو اس کو سال میں ایک مرتبہ 100 روپئے میں سے ڈھائی روپیہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو زکوٰۃ کہا جاتا ہے۔

106

س: زکوٰۃ کس سال فرض ہوئی؟

ج: جب ہمارے نبی ﷺ مکہ سے مدینہ چلے گئے اس کے دوسرے سال زکوٰۃ فرض ہو گئی۔

107

س: زکوٰۃ ادا کرنے کے کچھ فائدے بتائیں۔

ج:
1) آدمی زکوٰۃ ادا کرتا ہے تو بخیلی جیسی بری عادت سے محفوظ ہو جاتا ہے۔
2) زکوٰۃ ادا کرنے والا نیکی کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کرتا ہے۔
3) زکوٰۃ ادا کرنا ایمان کی علامت ہے۔
4) زکوٰۃ ادا کرنے سے مال صاف ہوتا ہے۔
5) زکوٰۃ ادا کرنے مال میں برکت ہوتی ہے۔

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

6) زکوٰۃ ادا کرنے والا گناہوں کی آگ کو بجھاتا ہے۔

7) زکوٰۃ ادا کرنے والا قیامت کے دن مال کے وبال سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

8) زکوٰۃ ادا کرنے والا متقی بن جاتا ہے۔

9) زکوٰۃ ادا کرنے سے آدمی کے اخلاق اچھے ہوتے ہیں۔

10) زکوٰۃ ادا کرنے والا اللہ کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے۔

**س** 108 **زکوٰۃ کن کن لوگوں کو دی جائے گی؟**

**ج**

1) فقیر۔

2) مسکین۔

3) زکوٰۃ کا مال وصول کرنے والوں کو تنخواہ کے طور پر۔

4) غیر مسلموں کو جو اسلام سے محبت کرتے ہیں۔

5) غلاموں کو آزاد کرنے میں۔

6) اگر کوئی مقروض (جس پر قرض کا بوجھ ہو) ہو تو قرضے کی ادائی کے لیے

7) اللہ کی راہ میں۔

8) مسافروں کو دی جاسکتی ہے۔





Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

SABAQ NUMBER

# 10

# سبق

## کن چیزوں میں زکوٰۃ واجب ہے؟

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س زکوۃ کن کن چیزوں پر دینا ہوتا ہے؟

109

ج سونا، چاندی، پیسے، اور اناج پر زکات ادا کرنا ہے۔



س سونا کتنا ہو تو زکات ادا کرنا ہے؟

110

ج ساڑے سات تولہ سونا ہو تو زکات ادکرنا ہے۔



س چاندی کتنی ہو تو زکات ادا کرنا ہے؟

111

ج ساڑھے باون تولہ چاندی ہو تو زکات ادا کرنا ہے۔

س کیا مال میں زکات ہے؟

112

ج اگر مال ساڑھے باون تولہ چاندی کے برابر ہو تو زکات ادا کرنا ہو گا۔

113
س اگر کسی کا کاروں کا شوروم ہے تو کیا زکات ادا کرنا ہے؟
ج کوئی بھی فروخت کی جانے والی چیز ہو تو اس پر زکات ادا کرنا ہوگا۔

114
س کیا حج کے لئے رکھے گئے مال پر زکات ہے؟
ج جی ہاں



115
س کیا شادی کے لئے رکھے گئے مال میں زکات ہے؟
ج جی ہاں ادا کرنا ہے۔

116
س 100 روپیے میں کتنی زکات ادا کرنا ہے؟
ج 100 روپیے میں ڈھائی روپیے زکات نکالنا ہے۔

117

س: کیا دکان پر زکات ہے؟

ج: آپ کی بڑی دکان Shop ہے سال ختم ہو گیا اب اس دکان (Shop) میں جتنا مال ہے اس پر زکوٰۃ نکالنا ہو گا۔

118

س: کیا زمین پر زکات نکالنا ہے؟

ج: زمین (Plot) جو بیچنے کے لئے ہو تو اس پر بھی زکوٰۃ نکالنا ہو گا۔

119

س: کیا کھیت میں زکات نکالنا ہے؟

ج: اگر آپ کا کھیت ہے اس میں اناج اگتا ہے، اگر اناج 653 کیلو ہو تو زکوٰۃ نکالنا ہے۔

120

س: کیا اناج پر سال گزرنا ضروری ہے؟

ج: اناج میں سال گزرنا ضروری نہیں ہے۔ کھیت میں جتنی مرتبہ فصل کاٹی جائیگی، اتنی مرتبہ زکوٰۃ دینا ہو گا۔

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

121

س: کیا ترکاری پر زکات ہے؟

ج: جتنی بھی ترکاریاں اور پھل ہیں جو ذخیرہ (اسٹاک) نہیں کر سکتے ان پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ اس سے جو کمائی ہوگی، اس پر سال گزرے تو زکوٰۃ دینا ہوگا۔


122

س: زکات دینے سے کون خوش ہوتے ہیں؟

ج: پیارے بچو! زکوٰۃ دینے سے اللہ خوش ہوگا، غریب لوگ خوش ہوں گے۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor





SABAQ NUMBER

# 11

# سبق

## صدقہ فطر

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

س صدقہ فطر کس کو کہتے ہیں؟

123

ج صدقہ فطر رمضان کا چاند نظر آنے کے بعد عید کی نماز کو جانے تک گھر کے ہر فرد کی طرف سے ڈھائی کیلو اناج تقسیم کرنا صدقہ فطر کہلاتا ہے۔

س صدقہ فطرہ کس پر واجب ہوتا ہے؟

124

ج "صدقۃ الفطر ہر غلام اور آزاد، مرد اور عورت، چھوٹے اور بڑے مسلمان پر فرض ہے۔" (بخاری)

س فطرہ ادا کرنے کا وقت کیا ہے؟

125

ج "صدقہ فطر لوگوں کے عید گاہ کی طرف جانے سے پہلے پہلے ادا کر دیا جائے" (بخاری، مسلم)

س کیا صدقہ فطر عید سے ایک یا دو دن پہلے بھی دے سکتے ہیں؟

126


ج سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ یہ صدقہ عید سے ایک یا دو روز پہلے دے دیا کرتے تھے۔ (بخاری)

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

س 127 صدقہ فطر کی مقدار:

ج صحیح احادیث میں صدقہ فطر کی مقدار ایک "صاع" یعنی تقریباً ڈھائی کلو ہے۔
(بخاری، مسلم)









SABAQ NUMBER

12

# سبق

## عید کے مسائل

deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor

128
س: عید کے دن پہلا کام کیا کرنا ہے؟
ج: عید کے دن سب سے پہلے غسل کریں گے کیوں کہ عید کے دن غسل کرنا مستحب ہے۔

129
س: عید کے دن کیسا لباس پہنیں؟
ج: عید کے دن عمدہ اور صاف ستھرا لباس پہننا مستحب ہے۔

130
س: عید الفطر میں کیا کھا کر عید گاہ جائیں؟
ج: عید الفطر میں کھجور کھا کر عید گاہ نکلیں گے۔ کھجور طاق عدد میں کھانا چاہیے۔ طاق عدد کا مطلب ایک، تین، پانچ، سات۔ وغیرہ۔

131
س: عید کی نماز کہاں پڑھیں گے؟
ج: رسول اللہ ﷺ ہمیشہ عید کی نماز کھلے میدان میں پڑھتے تھے، ہمیں بھی کھلے میدان میں ہی پڑھنے کی پوری کوشش کرنی ہوگی۔

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

132

س: کیا عورتیں عید گاہ جا سکتی ہیں؟

ج: نبی ﷺ کے زمانے میں مردوں کی طرح عورتیں بھی عید گاہ جاتی تھیں، البتہ عورتیں خوشبو لگا کر نہ جائیں، اور پردے کا مکمل اہتمام کریں۔

133

س: عید گاہ جاتے ہوئے کیا پڑھنا چاہیے؟

ج: عید گاہ جاتے ہوئے تکبیرات کہتے جائیں، تکبیرات کے یہ الفاظ ہیں،
اللّٰہُ أکبر اللّٰہُ أکبر، لا إلٰہَ إلَّا اللّٰہ، واللّٰہُ أکبر اللّٰہُ أکبر، وللّٰہ الحَمد

134

س: کیا عید گاہ میں کوئی سنت نماز ہے؟

ج: عید گاہ میں کوئی سنت نماز نہیں ہے، نہ اذان ہے نہ اقامت ہے۔

135

س: عید کی نماز کیسے ادا کریں گے؟

ج: سب سے پہلے صرف دو رکعات نماز 12 زائد تکبیروں کے ساتھ ادا کی جائے گی، پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ سے پہلے 7 تکبیریں، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ سے پہلے 5 تکبیریں ادا کی جائے گی۔

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س عید کی نماز میں کونسی سورتیں پڑھی جاتی ہیں؟

136

ج عید کی نماز میں امام سورہ اعلیٰ اور غاشیہ یا سورہ جمعہ اور منافقون پڑھے۔

س عید کا خطبہ کب دیا جاتا ہے؟

137

ج نماز کے بعد خطبہ دیا جاتا ہے، اور خطبہ کے بعد گھر واپس ہو جائیں۔

س کیا عید گاہ جاتے ہوئے واپس آتے ہوئے راستہ بدلنا چاہئے؟

138

ج جی ہاں راستہ بدل کر واپس آئیں۔

س عید کے دن مبارک بادی کیسے دینا چاہئے؟

139

ج صحابہ اکرام عید کے موقعہ پر مبارک بادی ان الفاظ سے دیا کرتے تھے،
تقبل اللہ منا ومنکم

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س 140 اگر کسی کی عید کی نماز چھوٹ جائے تو کیا کرے؟

ج اپنے گھر میں دو رکعت ادا کرلے۔

س 141 کیا عید کے دن قبرستان کی زیارت کرنا صحیح ہے؟

ج لوگ عید کے دن عید گاہ سے واپسی میں قبرستان جاتے ہیں، قبروں پر پھول چڑھاتے ہیں، کچھ لوگ قبروں پر شکر ڈالتے ہیں، یہ سارے کام ہمارے نبی ﷺ نہیں کرتے تھے۔

س 142 کیا عید کے دن روزہ رکھنا جائز ہے؟

ج عید کے دن روزہ رکھنا حرام ہے، عید کا دن کھانے اور خوشی منانے کا ہے۔

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

143

**س** کیا عید کے لئے فضول خرچی کر سکتے ہیں؟

**ج** عید میں فضول خرچی نہیں کرنا چاہیے۔ غیر ضروری مہنگے کپڑے، مہنگے جو تے ضد کر کے نہ لیں، امی ابو جیسے دلائیں ویسے لے لیں۔ اگر آپ کے ابو کے پاس مال بہت زیادہ ہے تو عید کی شاپنگ مہنگی کرنے کے بجائے آپ کے غریب دوستوں کے لئے بھی کچھ کپڑے لیں ان کو تحفہ دیں، جس سے آپ کے دوست بہت خوش ہوں گے اور دعادیں گے ان شاءاللہ۔



deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

SABAQ NUMBER

13

# سبق

## شوال کے روزے

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

س رمضان کے بعد کونسا مہنہ آتا ہے؟

144

ج رمضان کے بعد شوال کا مہینہ شروع ہوتا ہے۔

س شوال کے مہنہ میں کتنے روزے رکھنا سنت ہے؟

145

ج شوال کے مہینہ میں بھی 6 روزہ رکھنا سنت ہے۔

س شوال کے روزوں کا کیا ثواب ہے؟

146

ج شوال کے روزوں میں بہت بڑا اجر وثواب ہے، کیونکہ جو شخص رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد شوال کے چھ روزے بھی رکھے تو اس کے لیے پورے سال کے روزوں کا اجر وثواب لکھا جاتا ہے۔

ابوایوب انصاری رضي الله تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جس نے رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے تو یہ ایسا ہے جیسے پورے سال کے روزے ہوں (صحیح مسلم)

deenitaleemforkids Paigham-e-Noor

147

س شوال کے روزوں کا کیا فائدہ ہے؟

ج شوال کے چھ روزے رمضان المبارک میں رکھے گئے روزوں کی کمی وبیشی اور نقص کو پورا کرتے ہیں۔

148

س کیا آپ شوال کے روزے رکھیں گے؟

ج جی ہاں ان شاءاللہ



149

س کیا آپ رمضان میں اپنے ماں باپ کے لئے دعا کریں گے؟

ج جی ہاں ضرور ان شاءاللہ۔

150

س کیا آپ اپنے استاذ شیخ نورالدین عمری کے حق میں دعا کریں گے؟

ج جی ہاں ضرور ان شاءاللہ۔

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

# NOTES

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids
Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

# مولف کی دیگر زیر طباعت کتابیں

1) آو بچو قرآن سمجھیں تفسیر عم پارہ

2) آو بچو حدیث سمجھیں حصہ دوم

3) آو بچو عقیدہ سمجھیں

4) میرے نبی

5) صدائے نور جمعہ خطبات

6) سنہری باتیں

7) سنو تم بدل سکتے ہو

8) سمر کیمپ سلیبس

9) میرا پیارا دین (مکتب کا نصاب)

10) زندگی کا سلیقہ (نوجوانوں کے لیے رہنمائی)

11) بچوں کا رمضان تفصیلی اسباق اردو، رومن، انگریزی

12) بچوں کا رمضان سوالات وجوابات اردو، رومن، انگریزی

13) درس حدیث

Paigham-e-Noor
deenitaleemforkids

# Introduction Of
## Shaikh Nooruddin Umeri

Shaikh Nooruddin Umeri Is A Renowned Islamic Scholar, Speaker And Researcher From Hyderabad, India. He Has Delivered Thousands Of Talks All Over India – In Organized Programs As Well As Friday Sermons In Masaajid. Apart From The Lengthy Speeches, His Short And Informative Videos On Youtube On A Variety Of Topics Have A Large Number Of Followers, Alhamdulillah.

He Is A Successful Child Psychologist And A Family Therapist. With Indepth Understanding Of Islam, He Specializes In Counseling Students, Parents And Spouses In The Light Of Shari'ah.

### EDUCATION:

- Aalim Faazil – Jamia Darussalam, Oomerabad.
- Bachelor of Arts, Arabic– Madras University.
- Master of Arts, Arabic – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Diploma in Translation – English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Philosophy, Arabic–English & Foreign Languages University (EFLU), Hyd.
- Master of Arts, Urdu – Central University of Hyderabad, Hyd.

### TEACHING EXPERIENCE:

- Worked As An Arabic Lecturer At Narayana Junior College, Hyd For A Period Of 10 Yrs.
- Worked At Jamia Darul Furqaan, Sayeedabad, Hyderabad.
- Jamia Hafsa Alssalfiya, Golconda, Hyderabad.

### RESEARCH WORK:

Askislampedia–An Online Islamic Encyclopedia, Head Office–Hyderabad.

### CURRENT DESIGNATION:

Director - Ocean The ABM School, Hyderabad.

MRP ₹ 120

Publisher & Printer: ABM Print Time +91-99890 22928, +91-90141 66042
23-1-916/B, Moghalpura, Charminar, Hyderabad - 500002, Telangana State, India